## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی عوامی نیشنل پارٹی کے صدر اسفند یار ولی سے ٹیلیفون پر گفتگو

## دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ایم کیوایم کی جانب سے عوامی نیشنل پارٹی کو غیر مشروط تعاون کی پیشکش

## آپ کیلئے نائن زیرو حاظر ہے، آپ وہاں آ کر رہیں، میرے ساتھی آپ کی حفاظت کریں گے

## پہلے میرے ساتھیوں کی جانیں جائیں گی پھر کوئی آپ تک پہنچ سکتا ہے۔اسفند یار ولی کو الطاف حسین کی پیشکش

## آپ کا اور ہمارا پرانا ساتھ ہے، آپ اور بابا (خان عبدالولی خان ) نے محبت کا جو پودا لگایا تھا وہ قائم رہے گا۔اسفند یار ولی

لندن۔۔۔5 اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آج عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر اسفند یار ولی سے ٹیلیفون پر گفتگو کر کے انکی خیریت دریافت کی اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ایم کیوایم کی جانب سے عوامی نیشنل پارٹی کو غیر مشروط تعاون کی پیشکش کی۔ جناب الطاف حسین نے اسفند یار ولی سے گفتگو کرتے ہوئے ان کے حجرے میں ہونے والے خودکش حملے کی شدید مذمت کی اور اس واقعہ میں اے این پی کے کارکنوں اور ہمدردوں کی شہادت پر تعزیت کی۔انہوں نے اسفند یار ولی سے مردان میں وزیراعلیٰ سرحد امیر حیدر خان ہوتی کے گھر پر راکٹوں کے حملے کے واقعہ پر بھی گہری تشویش کا اظہار کیا۔ جناب الطاف حسین نے اسفند یار ولی سے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی سے ایم کیوایم کی ہمیشہ سے قربت اور ہم آہنگی رہی ہے اور آج میں ایک بار پھر عوامی نیشنل پارٹی کو ایم کیوایم کی جانب سے دہشت گردی کے خلاف غیر مشروط تعاون پیش کرتا ہوں، ہم ملکر دہشت گردوں کا مقابلہ کریں گے۔ جناب الطاف حسین نے اسفند یار ولی سے کہا کہ اگر صوبہ سرحد میں آپ کی جان محفوظ نہیں ہے تو آپ کیلئے کراچی میں میرا گھر نائن زیرو حاظر ہے، وہ آپ کا گھر ہے، آپ وہاں آ کر رہیں، میرے ساتھی آپ کی حفاظت کریں گے، پہلے میرے ساتھیوں کی جانیں جائیں گی پھر کوئی آپ تک پہنچ سکتا ہے۔اسفند یار ولی نے جناب الطاف حسین کے جذبات اور خیالات کو سراہتے ہوئے کہا کہ میں آپ کا بہت مشکور ہوں، آپ کی باتوں سے مجھے بہت حوصلہ ملا ہے، آپ کا اور ہمارا پرانا ساتھ ہے۔انہوں نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ آپ اور بابا (خان عبدالولی خان ) نے محبت کا جو پودا لگایا تھا وہ قائم رہے گا اور میں اے این پی کی جانب سے آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم ایم کیوایم کے ساتھ ہیں اور ہر آزمائش میں آپ سے رہنمائی لیں گے۔انہوں نے ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کرنے پر اے این پی کے تمام رہنماؤں اور کارکنوں کی جانب سے جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین نے وزیراعلیٰ سرحد امیر حیدر خان ہوتی کو ٹیلی فون

## دہشت گردی اور بزدلانہ حملوں کے خلاف ہر طرح سے اے این پی اور صوبہ سرحد کی حکومت کے ساتھ ہیں۔الطاف حسین

## آپ کے فون سے مجھے بہت حوصلہ ملا ہے اور ہم ملکر دہشت گردی کا مقابلہ کریں گے۔وزیراعلیٰ سرحد امیر حیدر خان ہوتی

لندن۔۔۔5 اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے وزیراعلیٰ سرحد امیر حیدر خان ہوتی کو ٹیلی فون کر کے انکے گھر پر راکٹوں کے حملے کے واقعہ پر انکی خیریت دریافت کی اور ان سے ہمدردی اور مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔وزیراعلیٰ سرحد امیر حیدر خان ہوتی نے واقعہ کے بارے میں جناب الطاف حسین کو بتایا کہ یہ راکٹ ذرا سے دور سے فائر کئے گئے جو گھر کے قریب کھیتوں میں گرے اور کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ جناب الطاف حسین نے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اس واقعہ کے بعد سیکوریٹی فورسز کو صوبہ سرحد میں سیکوریٹی کی صورتحال کو مزید بہتر بنانا چاہیے۔انہوں نے واقعہ پر ایم کیوایم کے تمام کارکنان کی جانب سے وزیراعلیٰ سرحد امیر حیدر خان ہوتی اور عوامی نیشنل پارٹی کے تمام رہنماؤں اور کارکنوں سے ہمدردی کا اظہار کیا اور وزیراعلیٰ امیر حیدر ہوتی سے کہا کہ دہشت گردی اور ان بزدلانہ حملوں کے خلاف ایم کیوایم ہر طرح سے اے این پی اور صوبہ سرحد کی حکومت کے ساتھ ہے اور ہم اس سلسلے میں غیر مشروط تعاون پیش کرتے ہیں۔ وزیراعلیٰ سرحد امیر حیدر ہوتی نے خیریت کیلئے فون کرنے ، ہمدردی کا اظہار کرنے اور غیر مشروط تعاون پیش کرنے پر جناب الطاف حسین کا دلی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ آپ ہمارے بڑے ہیں، آپ کے فون سے مجھے بہت حوصلہ ملا ہے اور ہم ملکر دہشت گردی کا مقابلہ کریں گے۔انہوں نے کہا کہ ان آزمائشوں میں ہمیں ملکر حالات کا مقابلہ کرنا ہوگا اور دہشت گردوں کو ناکام بنانا ہوگا۔انہوں نے اے این پی کیلئے نیک جذبات کا اظہار کرنے پر جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔

## وزیراعلیٰ سرحد امیر حیدر خان ہوتی کے گھر پر راکٹوں سے حملہ کھلی دہشت گردی ہے۔الطاف حسین
## دہشت گردی کی دیگر کارروائیاں کرنے والے عناصر ملک اورعوام کے دوست نہیں بلکہ کھلے دشمن ہیں

لندن۔۔۔5 اکتوبر2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ سرحد کے شہر مردان میں وزیراعلیٰ سرحد امیر حیدر خان ہوتی کے گھر پر دہشت گردوں کی جانب سے راکٹوں کے حملے کی شدید مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ وزیراعلیٰ سرحد کے گھر پر راکٹوں سے حملہ کھلی دہشت گردی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ اس سے قبل چارسدہ میں عوامی نیشنل پارٹی کے سربراہ اسفندیار ولی خان کے حجرے میں بھی خودکش حملہ ہوا جس کے نتیجے میں پولیس اہلکار سمیت چار افراد جاں بحق ہوئے اور آج مردان میں وزیراعلیٰ سرحد کے گھر پر راکٹوں سے حملہ ہوا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ خودکش حملے، بم دھماکے، راکٹوں کے حملے اور دہشت گردی کی دیگر کارروائیاں کرنے والے عناصر ملک اورعوام کے دوست نہیں بلکہ کھلے دشمن ہیں ۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ اب ضروری ہوگیا ہے کہ دہشت گردی کی روک تھام کیلئے بھرپور انداز میں کارروائی کی جائے اورعوام کی جان ومال کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں ۔

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی عوامی نیشنل پارٹی کے سینئر نائب صدر حاجی غلام احمد بلور سے ٹیلیفون پر گفتگو
## وزیراعلیٰ سرحد امیر حیدر خان ہوتی کے گھر پر راکٹوں کے حملے کے واقعہ پر اپنی تشویش کا اظہار کیا

لندن۔۔۔5 اکتوبر2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آج عوامی نیشنل پارٹی کے سینئر نائب صدر حاجی غلام احمد بلور سے ٹیلیفون پر گفتگو کی اوران سے مردان میں وزیراعلیٰ سرحد امیر حیدر خان ہوتی کے گھر پر راکٹوں کے حملے کے واقعہ پر اپنی تشویش کا اظہار کیا۔جناب الطاف حسین نے حاجی غلام احمد بلور سے امیر حیدر ہوتی کی خیریت دریافت کی اوراپنی جانب سے مکمل ہمدردی اوریکجہتی کا اظہار کیا۔جناب الطاف حسین نے حاجی غلام احمد بلور سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وہ بڑھتی ہوئی دہشت گردی ملک کیلئے انتہائی تشویشناک ہے اوروقت آگیا ہے کہ ملک کی تمام جمہوری قوتیں اورتمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام دہشت گردی کے خلاف ایک آواز ہوجائیں۔حاجی غلام احمد بلور نے جناب الطاف حسین کے خیالات سے اتفاق کیا اور ہمدردی کا اظہار کرنے پران کا شکریہ ادا کیا۔

## شاندار اجتماع کے انعقاد پر ایم کیوایم یوکے یونٹ کے کارکنوں اورذمہ داروں کو الطاف حسین کا زبردست خراج تحسین
## یوکے یونٹ نے جس منظّم انداز میں اجتماع کو منعقد کیا اس نے پاکستان کی یادیں تازہ کردیں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔5 اکتوبر2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن میں اپنی سالگرہ کے شاندار اجتماع کے انعقاد پر ایم کیوایم یوکے یونٹ کے تمام کارکنوں اورذمہ داروں کوزبردست خراج تحسین پیش کیا ہے ۔آج یوکے یونٹ کے کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ یوکے یونٹ نے جس منظّم انداز میں اجتماع کو منعقد کیا اورجوشاندار انتظامات کئے اس نے پاکستان کی یادیں تازہ کردیں۔انہوں نے کہا کہ کارکنوں نے جس محنت وجانفشانی سے انتظامات میں حصہ لیا اورجس ذمہ داری سے اپنے فرائض انجام دیئے اس پر میں یوکے یونٹ کے تمام کارکنوں کو دل کی گہرائیوں سے زبردست شاباش اورخراج تحسین پیش کرتا ہوں۔انہوں نے یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش کو بھی اس موقع پر خصوصی طور پر خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے یوکے یونٹ کے کارکنوں کو تلقین کی کہ وہ اسی طرح محنت وجانفشانی سے کام جاری رکھیں اورتحریک کے پیغام کو پھیلائیں۔

☆☆☆☆☆

## حق پرست عوام انکل ریاض کی صحت یابی کیلئے خصوصی دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔5، اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم امریکہ کے سینٹرل آرگنائزر اعجاز صدیقی کے والد اور ایم کیوایم ایم کیوایم امریکہ کے بزرگ کارکن انکل ریاض صدیقی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اورکارکنوں سے اپیل کی کہ وہ انکل ریاض کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## ایم کیوایم کے قیام کی 25ویں سالگرہ پرایم کیوایم امریکہ کے زیراہتمام سلور جوبلی تقریبات منعقد کی جائیں گی

## سلور جوبلی کے سلسلے میں عوامی اجتماعات کے علاوہ سیمینارز اور سمپوزیم منعقد کئے جائینگے، سوونیئر بھی جاری کیا جائے گا

## طلبہ تنظیم کے بطن سے جنم لینے والی ایم کیوایم آج ملک کی ایک بڑی اور سب سے منظّم جماعت بن چکی ہے۔ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی

واشنگٹن۔۔۔5 اکتوبر 2008ء

ایم کیوایم کے قیام کی 25ویں سالگرہ پر 2009ء میں ایم کیوایم امریکہ کے زیراہتمام سلور جوبلی تقریبات منعقد کی جائیں گی۔اس بات کا اعلان ایم کیوایم نارتھ امریکہ کے نگران اعلیٰ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے ایم کیوایم امریکہ کے تمام مرکزی اور یونٹوں ذمہ داروں اور ذیلی شعبوں کے ارکان اور کارکنوں کی ایک ٹیلی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ ایک طلبہ تنظیم ''اے پی ایم ایس او'' کے بطن سے جنم لینے والی عوامی تحریک ایم کیوایم آج ملک کی ایک بڑی اور سب سے منظّم جماعت بن چکی ہے جس کی شاخیں ملک کے چاروں صوبوں اور آزاد کشمیر ہی میں نہیں بلکہ دنیا کے کئی ممالک میں موجود ہیں۔ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ 2009ء میں ایم کیوایم کی سلور جوبلی کو شایان شان طریقے سے منایا جائے گا اورتحریک کے پیغام کو امریکہ بھر میں مقیم پاکستانیوں میں پھیلانے کے سلسلے میں مختلف تقریبات منعقد کی جائیں گے۔سلور جوبلی تقریبات کے سلسلے میں عوامی اجتماعات کے علاوہ مختلف سیمینارز اور سمپوزیم منعقد کئے جائیں گے۔اس موقع پر ایک سوونیئر بھی جاری کیا جائے گا۔کانفرنس میں سلور جوبلی تقریبات کے سلسلے میں ایک کمیٹی بھی قائم کی گئی جس میں ایم کیوایم امریکہ کی سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان جنید فہمی، ندیم صدیقی، مرکزی معاون کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر انوار احمد، انجم عارف باجی، ایم کیوایم ڈیٹرائٹ کے یونٹ انچارج توقیر الحسن اور لاس اینجلس کے یونٹ انچارج وسیم زیدی شامل ہیں۔اس سلسلے میں ہونے والی ٹیلی کانفرنس میں ایم کیوایم امریکہ کے نگراں عبادالرحمٰن، سینٹرل آرگنائزر اعجاز صدیقی، سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان اور یونٹوں اور شعبوں کے ذمہ داران نے شرکت کی۔

## ارشد حسین کو ایم کیوایم امریکہ کا قائم مقام سینٹرل آرگنائزر مقرر کردیا گیا

واشنگٹن۔۔۔5 اکتوبر 2008ء

ایم کیوایم امریکہ کی سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن ارشد حسین کو ایم کیوایم امریکہ کا قائم مقام سینٹرل آرگنائزر مقرر کردیا گیا۔ارشد حسین، ایم کیوایم امریکہ کے سینٹرل آرگنائزر اعجاز صدیقی کی کچھ عرصہ رخصت کے دوران قائم مقام آرگنائزر کے فرائض انجام دیں گے۔اس بات کا اعلان ایم کیوایم نارتھ امریکہ کے نگران اعلیٰ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کیا۔

☆☆☆☆☆